بسم اللہ الرحمن الرحیم

*In the name of Allah, the Gracious, the Merciful.*

AHMADIYYA
MUSLIM JAMA'AT
Belgium

www.islamahmadiyya.be
info@islamahmadiyya.be
@AhmadiyyaBE

# خلاصہ خطبہ جمعہ 24 مئی 2024ء بیان فرمودہ حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز

حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا کہ یہ اللہ تعالیٰ کا ہم پر احسان ہے کہ اس نے ہمیں حضرت مسیح موعود کو ماننے کی توفیق عطا فرمائی جن سے اللہ تعالیٰ نے اسلام کی نشاۃ ثانیہ کا وعدہ فرمایا تھا۔ آپ کے بعد خدا تعالیٰ کے وعدہ اور آپ ﷺ کی پیشگوئیوں کے مطابق اس جماعت میں خلافت کا نظام چلا اور جاری ہے۔

اس کے بعد حضور انور نے خلافت کے ادوار میں آنیوالی مشکلات کا ذکر کیا اور فرمایا ان سب مشکلات کے باوجود جماعت کی ترقی کی رفتار بڑھتی چلی گئی۔ درجنوں ملکوں میں جماعت کا پودا لگا، جماعتیں قائم ہوئیں، اور مخلصین کی جماعتوں کے قیام کے سامان پیدا فرمائے اور خدا تعالیٰ اپنے وعدوں کے مطابق یہ نظارے دیکھاتا چلا جارہا ہے۔

آنحضرت ﷺ نے ایک پیشگوئی فرمائی تھی۔ فرمایا تم میں نبوت قائم رہے گی جب تک اللہ چاہے گا۔ پھر وہ اس کو اٹھالے گا اور خلافت علیٰ مِنۡھَاجِ النبوۃ قائم ہوگی۔ پھر اللہ تعالیٰ جب چاہے گا اس نعمت کو بھی اٹھالے گا۔ پھر اس کی تقدیر کے مطابق ایذا رساں بادشاہت قائم ہوگی جس سے لوگ دل گرفتہ ہوں گے اور تنگی محسوس کریں گے۔ پھر جب یہ دور ختم ہوگا تو اس کی دوسری تقدیر کے مطابق اس سے بھی بڑھ کر جابر بادشاہت قائم ہوگی۔ یہاں تک کہ اللہ تعالیٰ کا رحم جوش میں آئے گا اور اس ظلم و ستم کے دور کو ختم کر دے گا۔ اس کے بعد پھر خلافت علیٰ منھاج نبوت قائم ہوگی اور یہ فرما کر آپ خاموش ہوگئے۔

خدا تعالیٰ کے وعدوں کے مطابق حضرت مسیح موعود کے بعد خلافت کا سلسلہ جاری رہا، آپ نے کہا میں خاتم الخلفاء ہوں اب جو بھی آئے گا جس کو اللہ تعالیٰ خلافت کا مقام دیگا میری پیروی میں ہی آئے گا، پس اب دنیاوی طور پر جو چاہے جتنا زور لگالے میری پیروی کے علاوہ خلافت قائم نہیں کر سکتا۔

خدا کے وعدوں کا ذکر کرتے ہوئے حضرت مسیح موعود فرماتے ہیں۔
سوائے عزیزو اجب کہ قدیم سے سنت اللہ یہی ہے کہ خدا تعالیٰ دو قدرتیں دکھلاتا ہے تا مخالفوں کی دو جھوٹی خوشیوں کو پامال کر کے دکھلاوے سو اب ممکن نہیں ہے کہ خدا تعالیٰ اپنی قدیم سنت کو ترک کر دیوے۔ اس لئے تم میری اس بات سے جو میں نے تمہارے پاس بیان کی غمگین مت ہو اور

تمہارے دل پریشان نہ ہو جائیں کیونکہ تمہارے لئے دوسری قدرت کا بھی دیکھنا ضروری ہے اور اس کا آنا تمہارے لئے بہتر ہے کیونکہ وہ دائمی ہے جس کا سلسلہ قیامت تک منقطع نہیں ہو گا۔ اور وہ دوسری قدرت نہیں آسکتی جب تک میں نہ جاؤں۔ لیکن میں جب جاؤں گا تو پھر خدا اس دوسری قدرت کو تمہارے لئے بھیج دے گا جو ہمیشہ تمہارے ساتھ رہے گی جیسا کہ خدا کا براہین احمدیہ میں وعدہ ہے اور وہ وعدہ میری ذات کی نسبت نہیں ہے بلکہ تمہاری نسبت وعدہ ہے جیسا کہ خدا فرماتا ہے کہ میں اس جماعت کو جو تیرے پیرو ہیں قیامت تک دوسروں پر غلبہ دوں گا سو ضرور ہے کہ تم پر میری جدائی کا دن آوے تا بعد اس کے وہ دن آوے جو دائمی وعدہ کا دن ہے وہ ہمارا خدا وعدوں کا سچا اور وفادار اور صادق خدا ہے وہ سب کچھ تمہیں دکھائے گا جس کا اس نے وعدہ فرمایا اگرچہ یہ دن دنیا کے آخری دن ہیں اور بہت بلائیں ہیں جن کے نزول کا وقت ہے پر ضرور ہے کہ یہ دنیا قائم رہے جب تک وہ تمام باتیں پوری نہ ہو جائیں جن کی خدا نے خبر دی۔"

حضور انور نے فرمایا ان وعدوں کے پورا کرتے ہوئے خدا تعالیٰ ہر روز جماعت کی تائید کے نظارے دیکھ رہا ہے۔ کوئی انسان یہ نہیں کر سکتا یہ اللہ ہی ہے جو اپنے وعدوں کو پورا کرتے ہوئے سعید روحوں کو گھیر کر جماعت کی طرف لے آتا ہے، پھر حضور انور نے چند واقعات بیان فرمائے۔

عثمان صاحب کے گنی بساؤ میں رشتہ دار کثرت سے جماعت میں شامل ہو رہے تھے تو انہیں روکنے کیلئے وہ علماء کو بلا لائے، وہاں کے امام صاحب کے کہنے پر وہ ان کی بات سنے پر رضامند ہو گئے جمعہ کا دن تھا تو انہوں نے وہاں حضور انور کا خطبہ بھی سنا خطبہ سننے کے بعد کہتے کہ یہ جماعت جھوٹی نہیں ہو سکتی، جو جماعت آنحضرت ﷺ کے اصحاب کی تاریخ بیان کر رہی ہے وہ جھوٹی کیسے ہو سکتی ہے۔ پھر خلافت تبلیغ کا بھی ذریعہ ہے، بعض لوگ MTA پر صرف شکل دیکھ کر سمجھ جاتے ہیں کہ یہ سچی جماعت ہے۔

گیمبیا کے ایک صاحب ذکر کرتے ہیں کہ انہوں نے ایک رات خواب میں ایک شخص کو دیکھا لیکن جانتے نہ تھے لوگوں سے پوچھا کہ یہ کون ہے تو پتا چلا کہ یہ جماعت احمدیہ کے امام ہیں۔ اگلے روز وہ جماعت کے مشن ہاؤس میں آئے امام نے انہیں MTA لگا کر دیا تو وہاں میری شکل دیکھ کر کہا کہ یہی تو وہ ہیں اس کے بعد وہ جماعت میں شامل ہو گئے۔

اللہ تعالیٰ کا وعدہ قدرت ثانیہ کے جاری رہنے اور اس کی تائید و نصرت کا ہے اور اس ذریعہ سے اب اسلام کا غلبہ مقدر ہے، خلافت احمدیہ کی 118 سالہ تاریخ کا ہر دن اس بات کا ثبوت ہے کہ اللہ تعالیٰ ہی خلافت احمدیہ کی تائید و نصرت فرما رہا ہے اور جماعت ہر روز اپنی ترقی کی راہوں پر گامزن ہے۔ اللہ تعالیٰ مجھے بھی اپنے خاص فضل سے اس ذمہ داری کو ادا کرنے کی توفیق عطا فرمائے اور ہر احمدی کو بھی کامل وفا اور اخلاص کیساتھ ہمیشہ خلافت احمدیہ سے وابستہ رکھے اور تا قیامت وفا شعار اور تقویٰ پر قائم رہنے والے خلافت احمدیہ کو ملتے رہیں اور وہ تمام مقاصد اللہ تعالیٰ پورے فرمائے جن کا حضرت مسیح موعود سے وعدہ فرمایا ہے اور خلافت احمدیہ کے ذریعہ خدائے واحد کی حکومت دنیا میں قائم ہو اور محمد ﷺ کا جھنڈا دنیا میں لہرانے کا نظارہ دنیا دیکھے۔ آمین

Bait-us-Salam: Brusselstraat 445, 1700 Sint-Ulriks-Kapelle
Tel: 0032 (2) 466 68 56 Fax: 0032 (2) 466 43 89

## خطبہ ثانیہ

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ نَحْمَدُہٗ وَنَسْتَعِیْنُہٗ وَنَسْتَغْفِرُہٗ وَنُؤْمِنُ بِہٖ وَنَتَوَکَّلُ عَلَیْہِ وَنَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنْ شُرُوْرِ اَنْفُسِنَا وَمِنْ سَیِّئَاتِ اَعْمَالِنَا مَن یَّھْدِہِ اللہُ فَلاَ مُضِلَّ لَہٗ وَمَنْ یُّضْلِلْہُ فَلاَ ھَادِیَ لَہٗ ۞وَاَشْھَدُ أَنْ لَآ اِلٰہَ اِلاَّ اللہُ وَحْدَہٗ لَا شَرِیْکَ لَہٗ ۞ وَاَشْھَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُہٗ وَرَسُوْلُہ۞عِبَادَاللہِ رَحِمَکُمُ اللہُ۞اِنَّ اللہَ یَأْمُرُ بِالْعَدْلِ وَالْاِحْسَانِ وَاِیْتَآءِ ذِی الْقُرْبٰی وَیَنْھٰی عَنِ الْفَحْشَآءِ وَالْمُنْکَرِ وَالْبَغْیِ یَعِظُکُمْ لَعَلَّکُمْ تَذَکَّرُوْنَ ۞ اذْکُرُوا اللہَ یَذْکُرْ کُمْ وَادْعُوْہُ یَسْتَجِبْ لَکُمْ وَلَذِکْرُ اللہِ اَکْبَرُ ۞

Bait-us-Salam: Brusselstraat 445, 1700 Sint-Ulriks-Kapelle
Tel: 0032 (2) 466 68 56 Fax: 0032 (2) 466 43 89